QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 138

کوئٹہ: 08 دسمبر 2025ء۔۔۔۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے نادہندگان کے ذمہ بجلی بلوں کی مد میں ماہ اکتوبر 2025 تک مجموعی بقایاجات 750 ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں۔اس مذکورہ رقم میں سے صوبائی حکومت اور اسکے ذیلی محکموں کے ذمہ تقریباً 44 ارب 29 کروڑ روپے بقایاجات واجب الادا ہیں جبکہ زرعی سبسڈی کی مد میں حکومت بلوچستان کے ذمہ 60 ارب 70 کروڑ روپے کے بقایاجات واجب الادا ہے کیونکہ صوبائی حکومت کی جانب سے جولائی 2024 میں صرف ایک ارب روپے زرعی سبسڈی کی مد میں ادائیگی کردی گئی ہے جس کے بعد تاحال زرعی سبسڈی کی مد میں کوئی ادائیگی نہیں کی گئی ہے۔علاوہ ازیں صوبائی حکومت کے ذیلی محکموں کی جانب سے ماہ اکتوبر میں بجلی بلوں کی مد میں صرف 28 فیصد کی ادائیگی کردی گئی ہے۔کیسکو کے دیگر نادہندہ صارفین کے ذمہ جن میں گھریلو، تجارتی اور صنعتی صارفین شامل ہیں اُن پر ماہ اکتوبر تک 47 ارب 86 کروڑ روپے بقایاجات واجب الادا ہیں۔اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے تمام آپریشن سرکلز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے اپنے زیر انتظام علاقوں میں تمام نادہندہ سرکاری محکموں اور دیگر نادہندہ صارفین سے بقایاجات کی وصولی کے عمل کو تیز بنائیں اور اس ضمن میں نادہندگان کے ساتھ کوئی رعایت نہ کئے جائیں۔انہوں نے سختی سے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ نادہندہ سرکاری محکموں کو بجلی بلوں کی ادائیگی کیلئے نوٹسز جاری کئے جائیں اور مقررہ وقت گزر جانے کے بعد نادہندگان کے برقی کنکشنز بلاتاخیر منقطع کردیئے جائیں۔صوبائی حکومت کے اُن تمام ذیلی محکمے جن پر بجلی بلوں کی مد میں بقایاجات واجب الادا ہیں اُن میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کے ذمہ 21480 ملین روپے، لوکل باڈیز کے ذمہ 3239 ملین روپے، محکمہ سیکنڈری ایجوکیشن 8766 ملین روپے، محکمہ پولیس کے ذمہ 1419 ملین روپے، ڈپٹی کمشنر کے دفاتر 1260 ملین روپے، محکمہ صحت کے ذمہ 3829 ملین روپے، محکمہ زراعت 510 ملین روپے، محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ کے ذمہ 435 ملین روپے، محکمہ کالجز اینڈ ہائیر ایجوکیشن 686 ملین روپے، محکمہ سی اینڈ ڈبلیو 384 ملین روپے، محکمہ جیل 200 ملین روپے، محکمہ فشریز 130 ملین روپے، محکمہ ایری گیشن کے ذمہ 201 ملین روپے، محکمہ لائیواسٹاک 184 ملین روپے، محکمہ بلڈنگز 229 ملین روپے، محکمہ سماجی بہبود 128 ملین روپے، محکمہ واسا کے ذمہ 237 ملین روپے جبکہ گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ذمہ 53 ملین روپے کے بقایاجات واجب الادا ہیں اور کیسکو نے مذکورہ نادہندہ سرکاری محکموں کو بلوں کی ادائیگی سے متعلق نوٹسز بھی ارسال کردیئے گئے ہیں۔لہٰذا کیسکو نے اپنے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے ذمہ بجلی کے بل کی بروقت ادائیگی کے ساتھ ساتھ بقایاجات بھی جمع کروائیں بصورت دیگر کیسکو ٹیمیں اُنکے کنکشنز بلاتاخیر منقطع کئے جائیں گے۔

# # #

نمبر: کیسکو پی آر 139

کیسکو مکران سرکل کے تحت تربت میں سیفٹی سیمینار

کوئٹہ: 08 دسمبر 2025ء۔۔۔۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے سیفٹی اینڈ ہیلتھ انوائرمنٹ سیل کے زیر اہتمام کیسکو مکران (آپریشن) سرکل میں تربت ڈویژن کے دفتر میں لائن اسٹاف کے جانوں کی حفاظت، ادارے کی ترقی، صارفین کی بہتر خدمت اور بجلی چوری کی روک تھام کے عنوان سے ایک روزہ سیفٹی سیمینار منعقد کیا گیا۔جس کے مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان تھے جبکہ اس کی صدارت آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے مرکزی جائنٹ صدر و صوبائی چیئرمین حاجی محمد رمضان اچکزئی نے کی۔اس موقع پر کیسکو کے چیف انجینئر (پلاننگ) سید مطہر شاہ مشہدی، فنانس ڈائریکٹر محسن احسان، ایڈیشنل ڈائریکٹر سیفٹی سید آصف شاہ، سپرنٹنڈنگ انجینئر مکران سرکل انجینئر سیف اللہ بادینی کے علاوہ دیگر افسران اور ملازمین کے کثیر تعداد میں شرکت کیں۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا کہ صارفین کی خدمت اور کارکنوں کے جان کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے لہٰذا تمام لائن اسٹاف بجلی لائنوں پر کام کے دوران حفاظتی اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور کام کے دوران تمام ایس او پیز (SOPs) کو مدنظر رکھیں۔انہوں نے کہا کہ انسانی زندگی کا کوئی نعم البدل نہیں ہے۔آپ تمام لائن اسٹاف کیسکو کا بہترین کارکن ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے خاندان کیلئے قیمتی سرمایہ کی حیثیت رکھتے ہیں لہٰذا ہمیشہ بجلی کی لائن پر کام کرتے وقت حفاظتی سامان کا استعمال یقینی بنائیں جس